ابو عمران قریشی

# تعارف و تبصرہ کتب

| | |
|---|---|
| کتاب | جواہر الفقہ جلد اول |
| مؤلف | مولانا مفتی محمد شفیع صاحب |
| ضخامت | ۵۲۰ (صفحات (مجلد رنگین سر ورق) |
| | کاغذ سفید، کتابت طباعت عمدہ |
| قیمت | پچیس روپے |
| ناشر | مکتبہ دار العلوم کراچی ۔ ۱۴ |

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہ، کا شمار دیوبندی مکتبۂ فکر کے چوٹی کے علماء میں ہوتا ہے۔ وہ نہ صرف ایک متبحر عالمِ دین ہیں بلکہ ایک منجھے ہوئے ادیب اور خوشگوار شاعر بھی ہیں۔ تاریخ، حدیث، فقہ، تصوف، تاریخ، ادب اور لغت وغیرہ پر وہ گہری نظر رکھتے ہیں اور اب تک ان موضوعات پر دو سو کے قریب بلند پایہ کتابیں ان کے قلم سے نکل چکی ہیں۔ مفتی صاحب مدظلہ، حضرت مولانا اشرف علی تھانوی کے مرید خاص اور خلیفۂ مجاز بھی ہیں اور دیوبندی مسلک کے بہت سے اصحاب ان کے حلقۂ ارادت میں شامل ہیں۔ مفتی صاحب مدظلہ کی سیاسی زندگی کا قابلِ ذکر پہلو یہ ہے کہ انھوں نے مولانا شبیر احمد عثمانی رحمہ کی طرح تحریک پاکستان کی پرجوش حمایت کی نجی۔ذاتی طور پر وہ ایک نہایت شفیق، مرنجاں مرنج، وسیع النظر اور کشادہ دل بزرگ ہیں۔ زیر نظر کتاب ان کے چوالیس فقہی رسائل و مقالات کا مجموعہ ہے۔ اسے مفتی صاحب مدظلہ، کے لائق فرزند مولانا محمد رفیع عثمانی صاحب نائب مفتی دار العلوم کراچی نے مرتب فرمایا ہے اور اس کے آغاز میں نہایت عمدہ انداز میں ''تعارف'' قلمبند کیا ہے۔ کتاب کے خاص خاص عنوانات یہ ہیں: تکفیر کے اصول، قرآن کریم کا رسم الخط اور اس کے احکام، مسئلہ تقلید شخصی، سمت قبلہ، حرف ضاد کا صحیح مخرج، رؤیتِ ہلال کے شرعی احکام، احکام رمضان المبارک و مسائل زکوٰۃ، احکام عید الاضحیٰ و